AWARA ✓ yes

آر۔کے۔ فلمز کا بہترین شاہکار

Music By Shanker Jaikishan (15)

آوارہ

आवारा

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اداکاران :- پرتھوی راج ۔ نرگس ۔ راجکپور ۔ کے ۔ این سنگھ وغیرہ

سٹوری ۔ "یہ کوئی نیا مقدمہ نہیں ۔ بلکہ بہت پرانا ہے ۔ ہزاروں برس پرانا شری رام اور سیتا والا مقدمہ" یہ الفاظ جج رگھوناتھ نے اپنی بیوی سے اُس وقت کہے جبکہ وہ ایک بچہ کی ماں بننے والی تھی ۔ جج رگھوناتھ کو اپنی بیوی پر شک ہوا یا نہیں کیسے جج صاحب کو اپنی بیوی پر شک کرنے کیلئے مجبور کیا گیا کیونکہ ایکدن جگا ڈاکو جج صاحب کی بیوی کو اٹھا لیگیا تھا صرف ایک بدلہ لینے کیلئے ۔ کہ جج صاحب نے جگا کو ایکبار جھوٹے الزام میں قید کرایا تھا صرف اتنا کہکر کہ شریفوں کی اولاد شریف اور چور ڈاکو کی اولاد چور ڈاکو ہوتی ہے ۔ جج صاحب نے اپنی بیوی کو گھر سے نکالدیا ۔ وہ بیچاری ایک غریب کی جھونپڑی میں جاکر بچہ کو جنم دیتی ہے ۔ جو بڑا ہوکر آوارہ ہوجاتا ہے ۔ آگے پردہ پر دیکھیں

گانے

رفیع

ہو ہیا ۔ ہو ہیا ہو ہیا ۔ نیا تیری منجدھار ۔ ہوشیار ہوشیار

شور مچے آر نہ پار ۔ ہوشیار ۔ ہوشیار ۔ ہو ہیا ہو ہیا ۔ ۔

جیون نیا کون کھویا کون کھویا ہو ؟ تیری نیا تو ہی کھویا تو ہی کھویا ہو ہو

ہمت کی پتوار ۔ ہوشیار ہوشیار

ڈوبتے تارے کھلا ہوا آسمان ۔ سنبھل کے مانجھی سنبھل کے تیری ناؤ میں ہے طوفان

گہرا چنچل دھار ۔ ہوشیار ۔ ہوشیار

ہو ہیا۔ ہو ہیا۔ ہو ہیا
ٹاٹ کا ٹکڑا بہہ جاتا ہے۔ ہو ہو۔ لوہا ڈوب کے رہ جاتا ہے
گیانی سوچ وچار۔ ہوشیار ہوشیار۔ نیا تیری....

رمیش

نمبر ۲

بھی ورتا سیتا مائی کو توُ نے دیا بن باس
کیوں نہ پھٹا دھرتی کا کلیجہ کیوں نہ پھٹا آکاش
جُلم ہے بھاری جنک دُلاری۔ پھرے بے ماری رام کی پیاری
جگن محل کا راجہ دیکھو کیسا کھیل دکھائے
سیپ سے موتی گندے جل میں سُندر کنول کھلائے
عجب تیری لیلا ہے گردھاری.....

ملکیش

نمبر ۳

آوارہ ہوں آوارہ ہوں۔ یا گردش میں ہوں آسمان کا تارا ہوں۔ آوارہ ہوں
گھر بار نہیں سنسار نہیں۔ مجھ سے کسی کو پیار نہیں
اس پار کسی سے ملنے کا اقرار نہیں۔ مجھ سے کسی کو پیار نہیں
انجان نگر۔ سنسان ڈگر کا پیارا ہوں۔ آوارہ ہوں...
آباد نہیں برباد سہی گاتا ہوں خوشی کے گیت مگر
زخموں سے بھرا سینہ ہے میرا ہنستی ہے مگر یہ مست نظر
دُنیا... او دُنیا۔ میں تیرے تیر کا یا تقدیر کا مارا ہوں
آوارہ ہوں.......

نمبر ۴

ایک دو تین . آجا موسم ہے رنگین
رات کو چھپ چھپ کے ملنا دُنیا سمجھے پاپ رے .. باپ رے
سنبھل کے کھڑکی کھول بلم ادیکھے میرا باپ رے . باپ رے
یہ مدمست جوانی ہے . تیرے لئے یہ دیوانی ہے
ڈوب کے اِس گہرائی میں دیکھ لے کتنا پانی ہے . ایک . دو . تین
کیوں تُو مجھے ٹھکراتا ہے . مجھ سے نظر کیوں چُراتا ہے
لُوٹ لے دُنیا تیری ہے . پیار سے کیوں گھبراتا ہے . ایک دو تین ...

نمبر ۵

رتینا: .
لتا — جب سے بلم گھر آئے . جیئرا مچل مچل جائے . جب سے ...
دل نے دِل سے کہا تھا فسانہ . لوٹ آیا ہے گزرا زمانہ
خوشیاں ناچ ناچ گائے . جیئرا مچل مچل جائے
لاکے آنکھوں سے دل میں بٹھاؤں . مسکرا کے ستائے لُٹاؤں
آنا جُھوم جُھوم جائے . جیئرا مچل مچل جائے .
دِل میں اپنے محبت جواں ہیں - اُن سے آباد میرا جہاں ہے
من کے چور چلے آئے . جیئرا مچل مچل جائے . جب سے ....

نمبر ۶

(سپنے کا گیت)

لتا — رتینا: تیرے بنا آگ یہ چاندنی - تُو آجا

تیرے بنا ہے سُونی بالسری۔ یہ میری زندگی دسعکی راگنی۔ اُس ابجا...

ستیہ :- او یہ نہیں ہے۔ یہ نہیں زندگی

زندگی یہ نہیں۔ یہ نہیں ہے زندگی

زندگی کی یہ چتا۔ میں زندہ جل رہا ہُوں ہائے

سانس سے یہ آگ کے بیتر چبرہے ہیں آرپار

اے موت بے رحم نہ باندھ مجھکو اپنی بانہہ سے

مجھکو یہ نرک نہ چاہیئے

مُجھکو پھُول مُجھکو گیت مجھکو پریت چاہیئے

مجھکو چاہیئے بہار ....

ڈگ :- ادم نموشیولائے

ستیتا :- گھر آیا مورا پردیسی۔ پیاس بُجھی میری اکھین کی — نغمہ

تُو میرے من کا موتی ہے۔ ان نینن کی جیوتی ہے

یاد ہے میرے بچپن کی۔ گھر آیا مورا.....

آ من نئی دُنیا دوں گی۔ ایک نیا سنسار بنا دوں گی

نیند بھلا دوں گی نینن کی۔ گھر آیا مورا پردیسی

اب دل توڑ کے مت جانا۔ روتی چھوڑ کے مت جانا

قسم تجھے ان آنسوؤں کی۔ گھر آیا مورا پردیسی

منظر

رتنیا :- دم بھر جو ادھر مُنہ پھیرے او چندا۔ — نغمہ کمنٹیئر

میں اُن سے پیار کروں گی ۔ باتیں ہزار کروں گی
بل کر تلے پیار کے سجدے ادا میں بھی اُن کے ساتھ
چاند کو چندا بعد ہی دیکھے میری پہلی رات
اب بادل میں چھپ جائے ۔ او چندا ۔ میں اُن سے ....
راج : دم بھر جو ادھر مُنہ پھیرے ۔ او چندا
میں اُن سے پیار کروں گا ۔ نظریں تو چار کروں گا
میں چور ہُوں کام ہے چوری ۔ دُنیا میں ہُوں بدنام
دِل کو چُراتا آیا ہُوں میں ۔ یہ ہی میرا کام
آنا تو گواہی دینے ۔ او چندا ۔ میں اُن سے ....
رتیا : دِل کو چُرا کے گھومت جانا ۔ راہ نہ جانا بھُول
اِن قدموں سے کُچل نہ دینا میرے دِل کا پھُول
یہ بات انہیں سمجھا دے ۔ او چندا ۔ میں اُن سے ....
رتیا ۔
نمبر ۵
ندا — آ جاؤ تڑپتے ہیں ارماں ۔ اب رات گزرنے والی ہے
میں رقص یہاں تم چھپ ہو کہاں ۔ اب رات گزرنے والی ہے
دچاند کی رنگت اُڑنے لگی ۔ وہ تاروں کے دِل اب ڈوب گئے
بے درد جرا اپنے جلیں سنبھال ۔ اب رات گزرنے والی ہے
بس چاند کے ڈوبے میں آئی نظر ۔ وہ رات کی دُلہن چلدی کدھر
آواز تو دو کھوئے ہو کہاں ۔ اب رات گزرنے والی ہے

گھبرائے نظر بھی ہار گئی۔ تقدیر کو بھی نیند آنے لگی
تم آئے نہیں میں جاؤں کہاں۔ اب رات گذرنے والی ہے

نمبر ۹

اک بیوفا سے پیار کیا۔ اُس سے نظر کو چار کیا
ہائے رے ہم نے یہ کیا کیا۔ ہائے کیا کیا
بھولی صورت والا نکلا لٹیرا ملاقات چھپائے دل میں مُنہ پہ سویرا
ہم نے دل نثار کیا۔ اُلفت کا اقرار کیا۔ ہائے رے ہم نے یہ کیا کیا...
دے گئیں دھوکہ ہمیں نیلی نیلی آنکھیں۔ نیلی نیلی آنکھیں
سُونی ہے دل کی محفل بھیگی بھیگی آنکھیں
ہم نے اعتبار کیا۔ خود کو بیقرار کیا۔ ہائے رے ہم نے یہ کیا کیا۔ ہائے...

راج: نمبر ۱۰ مکیش

ہم تجھ سے محبت کر کے صنم۔ روتے بھی رہے ہنستے بھی رہے
خوش ہو کے سہے اُلفت کے ستم۔ روتے بھی رہے ہنستے بھی رہے
اے دل کی لگی کیا تجھکو خبر۔ ایک درد اُٹھا تھرائی نظر
خاموش تھے ہم اس غم کی قسم روتے بھی رہے ہنستے بھی رہے
یہ دل جو جلا اک آگ لگی۔ آنسو جو بہے برسات ہوئی
بادل کی طرح آوارہ تھے ہم۔ روتے بھی رہے
ہنستے بھی رہے

(ختم شد)

(لال پرنٹنگ پریس دہلی)